SOPs FOR CANDIDATES

How to Attempt the Paper on Digital Answer Copy

The digital answer copy is scanned by scanner, and the examiner marks it on a computer screen. Follow these instructions below:

1. Before you start writing, check that all pages are present, in the correct order, and correctly printed, with no torn page. Check that the barcode and QR code on every page are clear. If anything is wrong, tell the invigilator and get a new answer copy.
2. Write your roll number and other required details only in the boxes on the title page. Do not write your name, roll number or any identifying mark anywhere else in the answer copy.
3. Do not write, draw, tick, underline or scratch on the barcode or QR code. Do not cover them with ink, correction fluid, tape or stickers. A damaged code can affect the marking of your answer copy.
4. Write only inside the margins of each page. Anything written outside the margins, or on the top and bottom edges of the page, will not be scanned and will not be marked.
5. Do not fold, crease, roll, tear or cut any page. Do not remove the staple, detach any page, or add any page. Leave unused pages as they are.
6. Use only a blue or black ink pen. Do not use red or green ink, highlighters, markers or gel pens that smudge.
7. For each MCQs, fill exactly one bubble completely and darkly with a blue or black pen, so the letter inside is covered. Do not tick, cross, circle, dot or half-fill a bubble. Do not write or make any mark around the bubbles. You cannot change an answer once a bubble is filled. Cutting, overwriting or using whitener on a bubble, or filling more than one bubble, counts as multiple answers, and that question gets zero marks.
8. Do not use correction fluid (whitener) or erasable ink. To cancel a wrong answer, draw a single straight line through it.
9. Attempt answers of questions in their designated area only.
10. No extra or supplementary sheet will be attached to this answer copy. Plan your answers so that they fit within the pages provided.
11. Do rough work only in the space marked for rough work.
12. Do not press hard while writing. If ink shows through to the other side of the paper, the writing on that side becomes hard to read after scanning.
13. Keep the answer copy clean and dry. Protect it from water, sweat, food and any other liquid.
14. Write neatly and legibly. The examiner reads your answers on a screen, so writing that cannot be read may lose marks.
15. Do not write any message, request, phone number or irrelevant material for the examiner.
16. Do not take the answer copy out of the examination hall. Hand it over to the invigilator at the end of the paper, even if it is blank.

.....

امیدواران کے لیے ہدایات

ڈیجیٹل جوابی کاپی پر پرچہ حل کرنے کا طریقہ

ڈیجیٹل جوابی کاپی سکینرز کے ذریعے اسکین کی جائے گی اور ممتحن اسے کمپیوٹر اسکرین پر چیک کرے گا۔ اس لیے درج ذیل ہدایات پر سختی سے عمل کریں۔

1. جوابی کاپی پر لکھنے سے پہلے تسلی کر لیں کہ کاپی کے تمام صفحات موجود ہیں، درست ترتیب میں ہیں اور صحیح چھپے ہوئے ہیں، اور کوئی صفحہ پھٹا ہوا نہیں۔ یہ بھی دیکھ لیں کہ ہر صفحے پر بار کوڈ اور کیو آر کوڈ واضح ہیں۔ کسی خرابی کی صورت میں نگران عملے کو بتائیں اور نئی جوابی کاپی حاصل کریں۔
2. اپنا رول نمبر اور دیگر مطلوبہ کوائف صرف سرورق پر دیے گئے خانوں میں لکھیں۔ جوابی کاپی میں کسی اور جگہ اپنا نام، رول نمبر یا کوئی شناختی نشان ہرگز نہ لکھیں۔
3. بار کوڈ اور کیو آر کوڈ پر کوئی تحریر، لکیر، ٹک، خط یا خراش ہرگز نہ لگائیں۔ انہیں سیاہی، وائٹنر، ٹیپ یا اسٹیکر سے نہ ڈھانپیں۔ خراب کوڈ کی وجہ سے آپ کی کاپی کی مارکنگ متاثر ہو سکتی ہے۔
4. ہر صفحے پر صرف حاشیے (مارجن) کے اندر لکھیں۔ حاشیے سے باہر یا صفحے کے اوپر اور نیچے کے کناروں پر لکھی گئی تحریر اسکین نہیں ہو گی اور اس کے نمبر نہیں دیے جائیں گے۔
5. کسی صفحے کو موڑنے، تہہ کرنے، لپیٹنے، پھاڑنے اور کاٹنے سے اجتناب کریں۔ کاپی کا اسٹیپل نہ کھولیں، کوئی صفحہ الگ نہ کریں اور کوئی صفحہ شامل نہ کریں۔ خالی صفحات کو اسی حالت میں رہنے دیں۔
6. صرف نیلی یا کالی روشنائی والا قلم استعمال کریں۔ سرخ یا سبز روشنائی، ہائی لائٹر، مارکر یا پھیلنے والے جیل پین استعمال نہ کریں۔
7. ہر سوال کے لیے صرف ایک دائرہ نیلے یا کالے قلم سے مکمل اور گہرا پُر کریں، اس طرح کہ اندر لکھا حرف چھپ جائے۔ دائرے پر ٹِک، کراس، گول نشان یا نقطہ نہ لگائیں اور اسے آدھا پُر نہ کریں۔ دائروں کے آس پاس کچھ نہ لکھیں اور کوئی نشان نہ لگائیں۔ ایک بار دائرہ پُر کرنے کے بعد جواب تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ کسی دائرے کو کاٹنے، اس پر دوبارہ لکھنے، وائٹنر لگانے یا ایک سے زیادہ دائرے پُر کرنے کی صورت میں اسے ایک سے زیادہ جواب شمار کیا جائے گا اور اس سوال کے نمبر صفر ہوں گے۔
8. کریکشن فلوئیڈ (وائٹنر) یا مٹنے والی روشنائی استعمال نہ کریں۔ غلط جواب کو منسوخ کرنے کے لیے اس پر صرف ایک سیدھی لکیر لگا دیں۔
9. سوالات کے جوابات صرف ان کے لیے مختص کردہ جگہ میں ہی تحریر کریں۔
10. جوابی کاپی کے ساتھ کوئی اضافی شیٹ منسلک نہیں کی جائے گی۔ جوابات اس طرح لکھیں کہ وہ دیے گئے صفحات میں ہی مکمل ہو جائیں۔
11. کچا کام (رف ورک) صرف اس کے لیے مخصوص جگہ پر کریں اور اسے ایک لکیر سے کاٹ دیں۔
12. لکھتے وقت قلم پر زیادہ زور نہ دیں۔ اگر روشنائی کاغذ کی دوسری طرف نظر آئے تو اسکین کے بعد اس طرف کی تحریر پڑھنا مشکل ہو جاتا ہے۔
13. جوابی کاپی کو صاف اور خشک رکھیں۔ اسے پانی، پسینے، کھانے اور ہر قسم کے مائع سے بچائیں۔
14. صاف اور خوش خط لکھیں۔ ممتحن آپ کے جوابات اسکرین پر پڑھے گا، اس لیے ناقابلِ فہم تحریر کے نمبر کٹ سکتے ہیں۔
15. جوابی کاپی میں ممتحن کے لیے کوئی پیغام، درخواست، فون نمبر یا غیر متعلقہ تحریر ہرگز نہ لکھیں۔
16. جوابی کاپی امتحانی ہال سے باہر نہ لے جائیں۔ امتحان ختم ہونے پر کاپی نگران عملے کے حوالے کریں، خواہ وہ خالی ہی کیوں نہ ہو۔

.....